# کیمیاگر

مرتبہ

زبدۃ الحکماء حکیم محمد عبدالرحیم جمیل افتخار الاطباء

پی ڈی ایف تیار کردہ

حکیم محمد ارشد شاہین لاہور

0323 4422244

# کیمیاگر!

مرتبہ

زبدۃ الحکماء حکیم محمد عبد الرحیم جمیل فنجا طبا

پی ڈی ایف تیار کردہ: حکیم محمد ارشد شاہین لاہور

ملک دار العلاج گجرات

مست کاتب گوندلوی

# ایک صدری تحفہ

کتاب مکمل ہو چکی تھی۔ کہ ہمارے محترم دوست حکیم رحیم بخش صاحب قادری چک نمبر ۱۹۰ ضلع لائلپور سے تشریف لائے۔ آپ نے کتاب کی کاپیوں کو ملاحظہ فرما کر اس بخل شکنی کی مثال قائم کرنے پر مبارکباد دیتے ہوئے فرمایا۔ کہ میں بھی آج سے اس نامراد مرض کو اطبا کے دلوں سے دور کرنے کی حتی الوسع کوشش کروں گا۔ اور ساتھ ہی ایک صدری نسخہ عطا فرمایا۔ کہ جس کے لئے بوالہوس مارے مارے پھر رہے ہیں۔ اور پھر بھی حاصل ہونا مشکل ہے۔

## کشتہ تانبہ بابوئی

اس کے ساتھ ہی آپ نے اس کے متعلق فرمایا کہ یہ میری تمام عمر کی کمائی اور محنت کا نتیجہ ہے۔

گل جانگونہ ۵ تولہ۔ گل بجالو ۵ تولہ۔ آب افتیموں صحرائی ۳ تولہ

سب کو یکجا کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر درمیان ایک پیسہ رکھ کر گل حکمت کر کے ۵ سیر اوپلہ صحرائی کی آگ دیں۔

**فوائد:۔** بوالہوسین کی جان ہے۔ قوت باہ کیلئے نہایت اکسیر ہے۔ خون پیدا کرنے والی نایاب دوا ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ۱ چاول ہمراہ مکھن۔

# روغن گندھک

گندھک آملہ سار ۱ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۱۲ عدد۔

دونوں کو ملا کر خوب کھرل کریں۔ اور بذریعہ پتال جنتر روغن نکال لیں۔

**فوائد**:۔ مقوی باہ ہے۔ اگر کسی کو خام پارہ کھلایا گیا ہو۔ تو اس کے استعمال سے ایک ماہ کے اندر خارج ہوجاتا ہے۔

**ترکیب استعمال**:۔ ۱ ماشہ پتاشہ میں ڈال کر اوپر سے دودھ پلائیں۔

## ۲

گندھک آملہ سار ۴ ماشہ۔ ایک بیضہ مرغ لے کر جس کی سفیدی نکال دی گئی ہو ڈال دیں۔ دوا پر دوسرے انڈے کا چھلکا رکھ کر طحال بزغالہ (تلی بکرا) اور لوہے کا برادہ ہموزن پیس کر اس انڈے پر ایک انگل موٹا لیپ کردیں۔ بعدہٗ اس انڈے کو روغن میں ڈال کر حفاظت سے ۴ گھنٹہ پکائیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ تمام روغن برآمد ہوگا۔

**فوائد**:۔ تقویت باہ۔ امساک۔ سستی اعصاب و تضیب کیلئے مجرب دوا ہے۔ جو کھانے اور لگانے کے کام آتی ہے۔ ایک ہفتہ میں غیر مادرزاد کو مرد کرتا ہے۔ قوت بے حد پیدا کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**:۔ بقدر ضرورت مالش کرکے برگ اُٹنگن باندھ دیں۔ اور بقدر ۱ ماشہ پتاشہ میں ڈال کر دودھ سے کھالیں۔

## ۳

گندھک ۱ تولہ۔ روغن گاؤ ۳ تولہ

دونوں کو کھرل کرکے ایک کپڑے پر لیپ کردیں۔ اس کو ایک سیخ آہنی

سے باندھ کر نیچے آگ لگادیں۔ سرخ رنگ کا روغن نکلے گا۔ بس جمع کرلیں۔

**فوائد:** بواسیر کے مسوں کو زائل کرتا ہے۔ خارش کو نافع ہے برص۔ جذام۔ آتشک کو مفید ہے۔ اشتہا پیدا کرتا ہے۔ خون صالح پیدا کرتا ہے۔ مقوی باہ ہے۔

**ترکیب استعمال:** مسوں پر بقدر چار قطرہ لگادیں۔ اسے ۵ قطرہ دودھ سے استعمال کرائیں۔

## ۴

کبریت مصفے ½ تولہ۔ روپ مکھی ½ ۱ تولہ۔ نیلہ تھوتھا ½ ۱ تولہ۔ مردار سنگ نصف تولہ۔

سب کو ایک پاؤ شیر دودھی سے کھرل کرکے خشک کریں۔ اور دو پیالوں میں جوہر اڑائیں اور محفوظ رکھیں۔

**فوائد:** آتشک۔ سوزاک۔ فساد خون کو نافع ہے۔ قوت باہ کو مفید ہے۔ اگر یہ جوہر پیسہ پر لگاکر دو پاؤ کروشنی میں آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔

**ترکیب استعمال:** ایک چاول ہمراہ بدرقہ مناسب۔

# پیالہ گندھک

گندھک آملہ سار ½ ۱ تولہ۔ شراب دو آتشہ ایک پاؤ۔ آب برگ مدار ایک پاؤ۔ آب برگ دھتورہ سبز ایک پاؤ۔ آب برگ حرمل ایک پاؤ۔ آب برگ کنٹائی خورد ایک پاؤ سب پانیوں کو مروق کرکے کڑاہی میں ڈالیں۔ اور پکائیں۔ کہ پانی خشک ہوجاویں۔ جب۔ گندھک پگھلنے لگے اس پر شنگرف ۲ تولہ سیماب ۲ تولہ دونوں کو ڈال دیں۔ بعدہٗ ایک مٹی کے گلاس میں جلدی سے ڈالکر

پھرا دیں۔ اس طرح دوسرے یں۔ بعد سرد ہونے کے نکال لیں۔

**فوائد:۔** اس یں ماء اللحم یا دودھ پینے سے تقویت باہ و امساک و تولید منی کرتی ہے۔ امساک شدید پیدا ہوتا ہے۔ اشتہا بے حد پیدا کرتا ہے اور دودھ خوب ہضم کرتا ہے۔

# کشتہ جات سیماب

## ۱

سیماب ۱ تولہ۔ رس گندہ تمباکو ۱۰ تولہ۔ دونوں کو کھرل کرکے ٹکیہ بنا دیں۔ اور کوزہ گلی میں ڈال کر گل حکمت کرکے اوپلہ صحرائی ۱ سیر کی آگ دیں۔ شگفتہ ہوگا۔

**فوائد:۔** اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ ہے۔ علاوہ ازیں بواسیر۔ سوزاک آتشک کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ½ رتی ہمراہ لونگ ۴ رتی۔ دارچینی ۴ رتی الائچی ۴ رتی ملا کر کھلا دیں۔

## ۲

سیماب ۱ تولہ۔ شیرہ رام پتری ۱ تولہ۔ شیرہ برگ تلسی ۴ تولہ۔ اوپلہ صحرائی ۴ سیر کھرل کرکے ٹکیہ بنا دیں۔ اور کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے حسب دستور آگ دیں۔ سیاہ کشتہ برآمد ہوگا۔

**فوائد:۔** مقوی باہ ہے۔ جریان کو نافع ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ایک چاول ہمراہ مکھن۔

## ۳

سیماب ۱ تولہ۔ شیرہ عنب الثعلب ۴ تولہ۔ اوپلہ صحرائی ۱۲ سیر۔

سیاب کو شیرہ عنب الثعلب میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر آگ دیں۔ سفید رنگ کا کشتہ تیار ہوگا۔

**فوائد۔** مقوی باہ۔ ممسک۔ محرلون ہے۔

**ترکیب استعمال۔** ½ سے ۱ چاول ہمراہ مکھن کھلائیں۔

## ۴

سیاب ۱ تولہ۔ قلعی ۱ تولہ۔ شنگرف ۳ ماشہ۔

تینوں کو ملا کر ایک گھنٹہ کھرل کریں۔ بعد ازاں ۲ عدد لیموں کے رس میں کھرل کریں۔ تاکہ سیاب کی چمک دور ہو جاوے۔ اس سے کشتہ تیار ہو جاتا ہے۔

**فوائد۔** مقوی باہ۔ امساک پیدا کرتا ہے۔ جریان۔ احتلام۔ سرعت کو نافع ہے۔ خون پیدا کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال۔** ½ برنج مکھن میں کھلائیں۔

## ۵

سیاب ۱ تولہ۔ شیرہ ڈنڈا تھوہر ۲ تولہ۔ شیرہ اینزبیل ۱ پاؤ۔ اوپلہ صحرائی سوا سیر

اول سیاب کو شیرہ ڈنڈا تھوہر میں کھرل کریں۔ بعد ازاں شیرہ اینزبیل میں کھرل کرکے گل حکمت کرکے آگ دیں۔

**فوائد۔** آتشک۔ سوزاک۔ جریان کو نافع ہے۔ جذام کو دور کرتا ہے علاوہ ازیں استسقا کو مفید ہے۔

**ترکیب استعمال۔** ½ رتی ہمراہ مکھن۔

# گٹکہ سیماب

اگر پارہ مذکور کی گولی بنا کر عرق لیموں میں ڈال دیں۔ تو سخت ہو جاتی ہے۔

نکالی کساس کو روغن دھتورہ میں ڈال دیں۔ چھ روز کے بعد قابل استعمال ہے۔

**فوائد:۔** ممسک اعلیٰ درجہ کی ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** بوقت جماع منہ میں رکھیں۔

# ترکیب اکسیر اعظم

دو تولہ ملٹھی تیلیہ کی گرہ میں سوراخ کر کے ۳ ماشہ سیماب داخل کریں۔ بعدازاں برادہ خارج شدہ سے کر اس پر اس کو روغن جوز ماثل میں ۴ پاس تک جوش دیں۔ اس سے سیماب قائم النار ہو جاتا ہے۔

پارہ مذکور ارتی بس گداختہ اتولہ پر طرح کریں۔ سرخ کر دیگا۔

# دیگر

سم الفار اتولہ۔ ہڑتال اتولہ۔ پارہ اتولہ۔ آب پیاز ۲۵ تولہ

کھرل کریں بعد شنگرف اتولہ اضافہ کریں۔ اور کل ٹکیہ کر کے نصف سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ اسی طرح یک صد آگ دیں۔ ارتی اتولہ نقرہ پر طرح کریں خالص زر برآمد ہوگا

# کشتہ شنگرف

شنگرف اتولہ۔ ڈنڈا تھوہر ۳ فٹ تیار۔ شیر تھوہر بقدر ضرورت۔

ڈنڈا تھوہر ۳ فٹ تیار سے کر برابر نصف حصہ تک خالی کر دیں۔ بعدازاں شیر تھوہر سے پر کر کے شنگرف کو بیچ میں رکھ کر اور دہانہ کو بند کر کے برابر سات روز تک زمین میں دفن کریں۔ بعدازاں نکال کر اس حصہ کو زمین میں گاڑ دیں۔ اور برابر چار پاس لکڑی کی آگ دیں۔ تاکہ شنگرف خاک ہو جائے۔

فوائد ۔ قوت باہ کو اور اعصاب ریئہ ۔ باہ کیلئے مقوی ہے ۔ اور لغوظ پیدا کرتا ہے ۔ نامردوں کیلئے اکسیر ہے ۔

۲

مبلاوہ ۴ تولہ ۔ بیش سیاہ ۴ تولہ ۔ شنگرف ۱ تولہ ۔ سکہ نصف سیر ۔ شہد خالص نصف سیر ۔

مبلاوہ اور بیش کو باریک کرلیں ۔ اور ایک کڑاہی آہنی میں رکھ کر درمیان میں شنگرف رکھ دیں ۔ بعدازاں سکہ اور شہد ڈال کر آگ جلادیں ۔ اس قدر کہ کڑاہی کو آگ لگ جاوے ۔ اور جملہ اجزاء جل کر خاک ہو جاویں ۔ بس اس سے شنگرف کا رنگ خرمائی سا ہو جاتا ہے ۔

فوائد ۔ وجع المفاصل ۔ فالج ۔ ادھرنگ وغیرہ کیلئے مفید ہے ۔

ترکیب استعمال ۔ شوربا مرغ سے چاول بھر خورش کریں ۔

۳

شنگرف ۱ تولہ ۔ آب ترب ۲ تولہ ۔

شنگرف کو آب ترب میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا دیں ۔ اور کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے نصف سیر اوپلہ صحرائی کی آگ دیں ۔ دوبارہ آب ترب میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر آگ دیں ۔ سو آگ پوری کریں ۔ کشتہ تیار ہو گا ۔

فوائد :۔ قوت باہ ۔ امساک ۔ امراض بلغمیہ ۔ کوتہ دمی کو نافع ہے ۔

ترکیب استعمال :۔ ایک چاول سکہ میں دیں ۔

۴

خاص راز

شنگرف ایک تولہ کو ایک سیر خربوزہ میں داخل کر کے کپر مٹی کر کے ۱۲ سیر اوپلہ صحرائی کی آگ دیں ۔ سفید

کشتہ برآمد ہوگا۔

**فوائد:۔** قوت باہ۔ امساک پیدا کرتا ہے۔ مولد خون۔ دافع جریان کھانسی بلغمی۔ ضیق النفس کو نہایت مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ½ چاول گلقند میں کھلائیں۔ بعد میں دودھ خوب پلائیں۔

## ۵

شنگرف ۱ تولہ۔ لونگ ۲ تولہ۔ شیرہ گھیکوار نصف سیر۔ روغن زرد ½ سیر۔ لونگ اور شیرہ گھیکوار کو خوب اچھی طرح کھرل کر کے ٹکیہ بنا دیں۔ بعد ازاں دو ٹکیہ بنا کر ایک تولہ شنگرف درمیان میں دے کر نصف سیر میں سُرخ کر لیں۔ اسی طرح دوسری دفعہ عمل کریں۔ ہم رنگ کشتہ تیار ہوگا۔

**فوائد:۔** ممسک۔ مغلظ منی۔ دافع وجع المفاصل۔ دافع فالج۔ لقوہ رعشہ ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** نصف رتی ہمراہ مکھن۔

## ۶

سفیدی بیضہ مرغ ایک عدد۔ انگوزہ ۲ تولہ۔ شنگرف ۱ تولہ

سفیدی میں انگوزہ کو کھرل کر کے شنگرف پر لیپ کریں۔ بعد ازاں پارچہ کی سہ تہ میں لپیٹ کر گل حکمت کر کے چار سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ اسی طرح یکصد آگ پوری کریں۔

**فوائد:۔** جملہ امراض بلغمیہ ریاحیہ کو نافع ہے۔ وجع المفاصل۔ استسقاء۔ اشتہا الطعام کو نافع ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ۱ رتی ہمراہ مکھن یا بالائی۔

# اکسیر اعظم

یہ نسخہ عالی جناب فخر الاطبا حکیم مولوی عبد المجید صاحب برادر خورد جناب حکیم عبد العزیز صاحب مؤلف کاشف رموز کیمیا نے بڑے دعویٰ سے اپنے رسالہ شنگرف میں پیش کیا ہے۔

شنگرف ۱ تولہ۔ ہڑتال ۱ تولہ۔ پارہ ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ سرخ کاہی ۱ تولہ۔ آملہ سار ۱ تولہ۔ برادہ نقرہ ۱ تولہ۔

اول الذکر ۶ اشیا کو خوب باریک کریں۔ پھر برادہ نقرہ شامل کر کے ۲۴ گھنٹہ عرق لیموں سے کھرل کریں۔ جب دوا بالکل خشک ہو جائے۔ جب تو اس کو آتشی شیشی میں ڈال کر کپڑمٹی کریں۔ جب دھوآں نکلنا موقوف ہو جائے۔ شیشی کو توڑ کر اس کے پیندے سے ۱½ تولہ دوا نکال لیں۔ اس دوا کو کٹھالی میں ڈال کر چرخ دیں۔ خالص شمس برآمد ہوگا۔ واللہ اعلم بالصواب۔

**نوٹ** :- نسخہ اچھا معلوم ہوتا ہے۔ جو صاحب آزمائیں۔ ضرور اطلاع دیں۔ کیونکہ نسخہ کے اجزا اس کے اچھا ہونے کی سفارش کرتے ہیں۔

# کشتہ سم الفار

سم الفار سیماب ۱ تولہ۔ سیماب ۱ تولہ۔ پھٹکری ۴ تولہ۔ اوپلہ صحرائی ۸ سیر۔ تینوں کو ملا کر کھرل کریں۔ تاکہ سیماب ناپید ہو جاوے۔ بعد ازاں گل حکمت کر کے ۸ سیر کی آگ دیں۔

**فوائد** :- مقوی باہ۔ ممسک۔ مصفیٔ خون اور جذام کو نافع ہے۔

**ترکیب استعمال** :- ایک چاول ہمراہ مکھن دیں۔

## ۲

برگ سداب ۵ تولہ۔ سم الفار ا تولہ۔ اوپلہ صحرائی دو عدد۔
برگ سداب کے نقدہ میں سم الفار دے کر اوپلہ صحرائی کو کاوک کر کے دونوں اوپلہ کا منہ مٹی سے بند کر کے ایک طرف سے آگ لگا دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ سفید بر آمد ہو گا۔

**فوائد:۔** اعلیٰ درجہ کا مسہل ہے۔ ایک خشخاش دینے سے سہل آجاتے ہیں۔ جذام۔ آتشک میں مشتمل ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ½ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ دیں۔

## ۳

تر نغل گلدار ایک پاؤ۔ سم الفار ا تولہ۔ اوپلہ صحرائی ۲ سیر
حسب دستور گل تر نغل کے درمیان سم الفار دے کر گل حکمت کریں۔ اور اوپلہ صحرائی کی آگ دیں۔ سفید بر آمد ہو گا۔

**فوائد:۔** مقوی باہ۔ ممسک۔ مغلظ۔ مولد خون ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ا چاول ہمراہ مکھن۔

## ۴

سم الفار ا تولہ۔ تھوم ۲ پاؤ۔ اوپلہ ۱۲ سیر
تھوم کا نغدہ سم الفار کے نیچے اوپر دے کر گل حکمت کر کے اوپلہ صحرائی کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ تیار ہے۔

**فوائد:۔** وجع المفاصل۔ آتشک۔ جذام۔ ناسور۔ بھگندر۔ بواسیر کو نافع ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ا چاول ہمراہ مکھن۔

# ۵

سم الفار ۱ تولہ ۔ چوب پلاس اگر ۔ اوپلہ صحرائی ۱۵ سیر۔

دونوں کو کہرل کر کے درمیان میں سم الفار دے کر کڑاہی میں رکھ کر نیچے چوب بیری کی چار پاس نرم آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ سم الفار مومیہ ہوگا۔

**فوائد**:۔ قوت باہ کیلئے اخس کافی ہے ۳۰ یوم کے بعد ناقابل برداشت قوت پیدا کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال**:۔ اچاول ہمراہ مکھن ۔

# روغن سم الفار

سم الفار ۱ تولہ ۔ شورہ قلمی ۶ تولہ ۔ روغن کنجد ۱/۲ سیر۔

ایک کڑاہی آہنی میں سم الفار کی ڈلی رکھ کر اس پر شورہ قلمی ڈال کر اس پر روغن کنجد ڈال کر نیچے آگ جلائیں۔ حتیٰ کہ اس میں آگ لگ جاوے۔ سرد ہونے پر کڑاہی کے پیندے سے سم الفار جما ہوا کھرچ لیں۔ رات کو چینی کی پیالی میں ڈال کر شبنم میں رکھ دیں۔ صبح کو تیل کی شکل میں ہوگا محفوظ رکھیں۔

**فوائد**:۔ یہ دوا سوائے مادرزاد نامرد کے تمام قسم کے کمزور اشخاص کے لئے اکسیر مسیحائی ہے۔ صرف ایک تنکہ لگوائیں۔ پہلی بار کے استعمال سے فائدہ معلوم ہوتا ہے۔ تین خوراک سے زیادہ دینے یا لگانے کی حاجت نہیں رہتی۔

**ترکیب استعمال**:۔ عضو مخصوص پر تنکہ بھر لگا دیں۔ اوپر برگ پان باندھیں۔ ایک تنکہ مکھن میں رکھ لگوادیں۔ غضب کی طاقت پیدا کرنے والی اکسیر ہے۔

# کشتہ جات ہڑتال

## ۱

ہڑتال گئودنتی ۸ تولہ۔ گلو تازہ نصف سیر۔ اوپلہ صحرائی ۱۰ سیر۔
حسب دستور سابق آگ دیں۔ کشتہ تیار ہے۔

**فوائد:۔** ہر قسم کے نئے پرانے بخاروں کیلئے تریاق ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ۲ سے ۴ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

## ۲ ہڑتال ورق

ہڑتال ورقی ۱ تولہ۔ راکھ چوب دھتورہ ۱ سیر۔ اوپلہ صحرائی ۸ سیر۔
ہڑتال کے نیچے اوپر راکھ چوب دھتورہ دے کر گل حکمت کرکے آگ
دیں۔ تیار ہے۔

**فوائد:۔** ضیق النفس۔ کھانسی بلغمی۔ نزلہ۔ زکام کو نافع ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ۱ رتی ہمراہ شربت بنفشہ ۲ تولہ۔

## ۳

ہڑتال ورقی ۱ تولہ۔ نغدہ برگ جل نیم ۱½ پاؤ۔ اوپلہ صحرائی ۴ سیر۔
بدستور آگ دیں۔

**فوائد:۔** بواسیر کا خون بند کرتی ہے۔ بواسیر خونی و بادی کو نافع ہے۔
یہ نسخہ آل انڈیا ویدک اینڈ یونانی طبی کانفرنس کے انعامی نسخوں میں سے
ایک ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ۱ رتی ہمراہ شربت صندل یا انجبار دیں۔

## ۴

ہڑتال ورقی ۲ تولہ۔ برگ کیکر نصف سیر۔ اوپلہ صحرائی ۸ سیر۔
حسب دستور سابق آگ دیں۔

**فوائد:۔** جریان۔ احتلام۔ سرعت کو نافع ہے۔ علاوہ ازیں مقوی باہ بھی ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ارتی ہمراہ مکھن یا بالائی۔

## ۵

ہڑتال ۱ تولہ۔ ننده بوٹی گلگروندہ ۱ پاؤ۔ اوپلہ صحرائی ۵ سیر۔
حسب دستور آگ دیں۔

**فوائد:۔** ہر قسم کے بخار مزمن میں نافع ہے۔ علاوہ ازیں بواسیر خونی کو نافع ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ارتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

## ۶

ہڑتال ۱ تولہ۔ آب پیٹھہ آدھ سیر۔

آب پیٹھہ میں کھرل کریں۔ کہ ہڑتال مثل سرمہ ہو جاوے۔ بعد ازاں ٹکیہ بنا دیں۔ اور ٹکیہ کو ۳ سیر راکھ نیچے اوپر دے کر نیچے آگ جلائیں۔ حتیٰ کہ ریت کے اوپر سبوس گندم رکھنے سے جل جاوے سرد ہونے پر نکال لیں۔

**فوائد:۔** بخار۔ فالج۔ سوزاک۔ امساک۔ قوت باہ۔ رعاف سل بخار کہنہ کو نافع ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** بخار ہر قسم کے لئے ارتی ہمراہ شربت نیلوفر۔ فالج اور لقوہ کیلئے منقہ میں دیں۔ سوزاک کیلئے ارتی دوغ کے ہمراہ۔ لعاب

ایسبغول استعمال کریں۔

# کشتہ جات طلا

برادہ سونا ۱ تولہ۔ آب چولائی خاردار ۱۰ تولہ۔ اوپلہ صحرائی ۱۶ سیر۔
کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر پوست بکائن پانچ تولہ برگ چولائی خاردار ۱۰ تولے کے نغدہ کے درمیان رکھ کر گل حکمت کر کے آگ دیں۔

**فوائد:۔** تپ دق۔ سرفہ۔ ضیق النفس ضعف دماغ ضعف معدہ۔ جگر۔ یرقان امراض سوداویہ میں نافع ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** نصف رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

## ۲

ورق نقرہ ۶ ماشہ۔ آب برگ کریلا ۵ تولہ۔ اوپلہ صحرائی ۱۰ سیر۔
کھرل کر کے برگ کریلا کے نغدہ میں دے کر آگ دیں۔

**فوائد:۔** مقوی باہ۔ مقوی اعضاء رئیسہ۔ مقوی دماغ ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ۲ سے ۴ چاول ہمراہ مکھن۔

## ۳

برادہ سونا ۱ تولہ۔ آب گھیکوار ۱۰ تولہ۔ اوپلہ صحرائی ۵ سیر۔
برادہ کو آب گھیکوار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر گل حکمت کر کے آگ دیں نکال کر دوبارہ کھرل کریں۔ اور آگ دیں۔ اسی طرح ۱۲ آگ پوری کریں۔ نہایت اعلیٰ کشتہ ہوگا۔

**فوائد:۔** امراض سوداویہ۔ بلغمیہ۔ خفقان۔ صرع۔ جنون اور مالیخولیا۔ بواسیر کو دور کرتا ہے۔ مقوی باہ۔ ممسک۔ مولد منی اور محمر لیلن

ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ا چاول ہمراہ مسکہ۔

## ۴

برادہ طلا ا تولہ۔ آب کوکرا چھڈی ۵ تولہ۔ اوپلہ صحرائی ۴ اسیر۔

کھرل کرکے قرص بناکر ۴ سیر کی آگ دیں۔ نکال کر پھر کھرل کریں۔ اور آگ دیں۔ سات آگ پوری کریں۔

فوائد:۔ مقوی باہ۔ ممسک۔ تولید و تغلیظ منی کے لئے بے حد مفید ہے۔

ترکیب استعمال:۔ نصف رتی ہمراہ مسکہ یا بالائی۔

## ۵

پترا سونا ا تولہ۔ سونا مکھی ۶ ماشہ۔ آب لیموں ۶ ماشہ۔ اوپلہ صحرائی ۱۵ سیر۔

سونا مکھی کو آب لیموں میں کھرل کرکے پترا پر لیپ کریں۔ اور پندرہ سیر کی آگ دیں۔ تین آگ پوری کریں۔ عمدہ کشتہ ہوگا۔

فوائد:۔ مقوی اعضائے رئیسہ۔ دل و دماغ۔ جگر۔ گردہ۔ مثانہ۔ کی تمام امراض کو نافع ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ا چاول ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

## ۶

برادہ سونا ا تولہ۔ پارہ ا تولہ۔ آب لیموں ۵ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۲ تولہ۔

اوپلہ صحرائی ۱۰ سیر۔

پہلی تین ادویہ کھرل کرکے ٹکیہ بنائیں۔ اور گندھک آملہ سار نیچے اوپر دیکر اوپلہ صحرائی کی آگ دیں۔ اگر کچھ کسر رہے تو دوبارہ آگ دے لیں۔ عمدہ

کشتہ تیار ہو گا۔

**فوائد**:۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ۔ ممسک اور مولد خون ہے۔ مولد منی مسمن بدن ہے۔ خفقان۔ یرقان کو نافع ہے۔

**ترکیب استعمال**:۔ اچاول ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

۷

ورق طلا ۶ ماشہ۔ تیزآب گندھک ا تولہ۔

دونوں کو ملا کر آتشی شیشی میں ڈال کر کوئلوں کی آگ پر رکھیں تا آنکہ خشک ہو جائے۔ کشتہ ہو گا۔

**فوائد**:۔ ضعف معدہ۔ ضعف جگر۔ عظم طحال۔ ورم طحال کو نافع ہے مقوی باہ ہے۔

**ترکیب استعمال**:۔ اچاول ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

## حملان شمسی

سنگ راسخ ۳ ماشہ۔ پارہ ۳ ماشہ۔ برادہ فولاد ۳ ماشہ۔ شنگرف ۳ ماشہ دارچکنا ۳ ماشہ۔ سم الفار زرد ۳ ماشہ۔ رتکان سرخ ۳ ماشہ۔ منسل ۲ ماشہ۔ زرنیخ ۳ ماشہ۔ گندھک آملہ سار ۳ ماشہ۔ کاہی سرخ ۳ ماشہ۔ نیلہ تھوتھا ۳ ماشہ۔ پھلی کیکر ۳ ماشہ۔

سب کو عرق لیموں ۵ تولہ میں کھرل کر کے لیپ بنائیں۔ اور نصف حصہ دوا ندکور۔ پترہ نقرہ ۳ تولہ پر لیپ کریں۔ اور دو سیر کی آگ دیں۔ نکال کر بمعہ آلائش کے بوتہ میں سہاگہ دیکر گلائیں۔ اور باقی مضعف دوا کی چٹکی دیتے جائیں پھر ٹھنڈا ہونے پر دوسری کٹھالی میں چرخ دیں۔ اسی طرح ۱۲ کٹھالیاں ختم

کریں۔ دہپلی کٹھالی کے سوا دوا کی ضرورت نہیں ، صفا ہوتا جائیگا۔ برابر کا سونا ملادیں۔ مقبول بازار ہوگا۔

## ۲

گندھک آملہ سار ۳ ماشہ۔ پارہ ۳ ماشہ۔ جست ۲ ماشہ۔ ابرق محلوب ۲ ماشہ ہڑتال ۱ ماشہ۔ شنگرف ۱ ماشہ۔ برادہ مس ۱½ تولہ۔

سب کو بھینس کے دودھ میں کھرل کر کے بوتہ میں ڈال کر متواتر دو پہر چرخ دیں۔ برابر کا زر ملاکر کام میں لائیں۔

## ۳

پارہ ۱ ماشہ۔ شنگرف ۱ ماشہ۔ گندھک آملہ سار ۲ ماشہ۔ ہڑتال ۱ ماشہ۔ منسل ۳ ماشہ۔ سم الفار زرد ۱ ماشہ۔ سنگ بصری ۲ ماشہ۔ سنگ راسخ ۳ ماشہ زنگار ۱ ماشہ۔

سب کو عرق لیموں میں کھرل کر کے ایک تولہ چاندی کے نیچے اوپر دے کر گل حکمت کر کے ۴ سیر کی آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔ ماء الحیات دے کر کشتہ زندہ کریں اور اسی طرح کشتہ کریں۔ تین دفعہ ایسا کرنے کے بعد برابر کا زر ملاکر کام میں لادیں۔

## ۴

# خاص ترکیب

برادہ مس ۱ تولہ۔ لوہا ۱ تولہ۔ جست ۱ تولہ۔ چاندی ۱ تولہ۔ سکہ ۱ تولہ۔

سب کو ملاکر گلائیں اور ایک کٹھالی میں ڈال کر چرخ آجانے پر سنگ راسخ ۱ تولہ کی چٹکی دیں۔ جب سنگ راسخ ختم ہو جائے۔ دوسری کٹھالی میں ڈال کر آگ دیں۔ اور ایک تولہ سنگ راسخ ختم کریں۔ اسی طرح بارہ کٹھالیاں ختم کریں

آخری پر ا تولہ زر ملا کر کام میں لائیں۔

یہ نسخہ ایک میرے نہایت ہی محترم دوست نے از راہ عنایت عطا فرمایا۔ جو نذر ناظرین کر دیا ہے۔ خدا آپ کو کامیاب کرے۔

# ۵

# مصنوعی سونا بنانا

صاف تانبہ ۱۰۰ حصہ۔ جست ۱۷۵ حصہ۔ مگنیشیا ۶ حصہ۔ نوشادر ۳۶/۱۰ حصہ چونہ ۱/۱۲ ۔ ٹارٹار آف کامرس ۹ حصہ۔

سب سے پہلے تانبہ گلائیں۔ پھر مگنیشیا ملا دیں۔ اور آہنی سیخ سے ہلا دیں۔ پھر نوشادر اور دیگر ادویہ ملا کر ہلاتے جائیں۔ پھر جست کے ٹکڑوں کو ملاتے جائیں جب جست پگل جائے آگ پیدا ہوئی کٹھالی کے منہ کو بند کر دیں۔ اور متواتر نصف گھنٹہ تیز آگ جلائیں۔ جب اسکی سطح پر جھاگ آجائے۔ اتار کر سانچوں میں ڈھال لیں۔ اس رنگ کا سونا برسوں خراب نہیں ہوتا۔ یہی کیمیکل گولڈ ہے۔ جو غیر ممالک سے ہزاروں روپیہ کا آکر فروخت ہوتا ہے۔

# خاص ترکیب اکسیری

ہڑتال ورقی ا تولہ۔ گندھک آملہ سار ا تولہ۔ شنگرف رومی ا تولہ۔ منسل سرخ ا تولہ۔ ہیرا کسیس سرخ ا تولہ۔ کشتہ طوطیا سفید ا تولہ۔ نمک سونچل ۶ ماشہ۔ نوشادر ۶ ماشہ۔ زردی بیضہ مرغ ۱ عدد۔ عرق کنوار گندل ۵ تولہ۔

سب کو پیس کر قرص بنالیں۔ ایک کڑاہی آہنی میں رکھ کر اوپر ایک کٹورہ کو اوندھا رکھ دیں۔ اور کناروں کو جل مندرا سے بند کر کے اس میں تین دفعہ گندم

کے دانے ڈال کر پکائیں۔ پہلے دانے گلنے پر نکل جائیں۔ تیسری دفعہ دانے کے پک جانے پر سرد کر کے بحفاظت جل منڈ ادور کر کے تیل برآمد کرلیں۔ بس یہ ایک اکسیر ہے۔

ارتی اتولہ نقرہ پر طرح کریں۔ اور قدرت خدا ملاحظہ فرمائیں۔ زرخالص ہوگا۔

# کشتہ جات چاندی

## ۱

اجوائن دیسی اپاؤ۔ پترہ چاندی اصلی اتولہ۔ اُپلہ صحرائی ۴ سیر۔
اوپلہ کے نیچے اوپر اجوائن دے کر ۴ سیر کی آگ دیں۔ اس طرح سے آگ پوری کریں۔

**فوائد:۔** مقوی اعضائے رئیسہ۔ مولد منی۔ دافع ضیق النفس ہے

**ترکیب استعمال:۔** ارتی ہمراہ مکھن یا بالائی۔

## ۲

پترہ نقرہ اتولہ۔ برگ مدار اپاؤ۔ برگ گھیکوار۔ اوپلہ صحرائی امن۔
ہر دو برگ کا نغدہ بناکر اوپلہ صحرائی کی ۲۰ سیر آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر دوبارہ آگ دیں۔ سفید براق کشتہ ہوگا۔

**فوائد:۔** مقوی باہ۔ امراض باردہ کو نافع ہے۔ بھوک خوب لگاتا ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ارتی ہمراہ مکھن یا بالائی۔

## ۳

بوٹی نک چھکنی ا پاؤ۔ پیخال کبوتر ا پاؤ۔ پترہ چاندی ا تولہ۔ شیر گاؤ ۱۰ تولہ۔
ہر دو کو شیر گاؤ میں کھرل کر کے پترہ کے نیچے اوپر دے کر ۱۰ سیر اوپلہ صحرائی کی آگ دیں۔ نہایت عمدہ سفید کشتہ برآمد ہوگا۔

فوائد:۔ امراض باردہ کو مفید ہے۔ جسم کو موٹا کرتا ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ا رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

## ۴

بوٹی قاضی دستار ایک پاؤ۔ نقرہ پترہ شدہ ا تولہ۔ اوپلے ۱۰ سیر۔
بدستور آگ دے دیں۔

فوائد:۔ مقوی اعضائے رئیسہ مصفی خون۔ مولد منی۔ بے حد تنوط لانے والا اکسیری کشتہ ہے۔

ترکیب استعمال:۔ نصف رتی ہمراہ مسکہ۔

## ۵

روپیہ یا پترہ چاندی ا تولہ۔ برم ڈنڈی بوٹی ا پاؤ۔ اوپلہ صحرائی ۱۰ سیر۔
حسب دستور آگ دیں۔ کشتہ ہوگا۔

فوائد:۔ مقوی روح۔ مقوی باہ۔ جریان اور امراض مرطوبی کو بیحد نافع ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ۴ برنج ہمراہ مکھن۔

## ۶

جوہر لوبان ۳ ماشہ۔ پترہ نقرہ ا تولہ۔ لودھ پٹھانی ا پاؤ۔
جوہر لوبان ۳ ماشہ کا پانی کی مدد سے پترہ پر لیپ کریں۔ اور لودھ پٹھانی

کے نغدہ کے درمیان رکھ کر آٹھ سیر کی آگ دیں۔ نکال کر دوبارہ سہ بارہ ایسا کریں۔ اعلیٰ درجہ کا کشتہ برآمد ہوگا۔

**فوائد:۔** کھانسی۔ نزلہ۔ زکام۔ ضیق النفس۔ وجع المفاصل کو دور کرتا ہے۔ جریان کو دور کرتا ہے۔ دق وسل کا حکمی علاج ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ۴ چاول ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

۷

## روپیہ سالم الحروف

پنچال کبوترا سیر۔ دوغ ترش آدھ سیر۔ روپیہ اعدد۔ اوپلہ ۱۵ سیر۔ پنچال کو دہی میں نغدہ بنا کر روپیہ کے نیچے اوپر رکھ کر پندرہ سیر کی آگ بدستور معروف دیں۔ اعلیٰ درجہ کا کشتہ ہوگا۔

**فوائد:۔** تپ دق۔ جریان۔ سرعت انزال۔ ضعف دماغ۔ ضعف جگر۔ امراض قلب کو نافع ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** نصف رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

۸

نوشادر ا تولہ۔ پھٹکری ا تولہ۔ سنکھیا سفید ا تولہ۔ سہاگہ ا تولہ۔ نمک طعام ا تولہ۔

سب کا بدستور معروف جوہر حاصل کریں۔ یہ جوہر تین ماشہ روپیہ کے نیچے اوپر لگا کر دو اوپلوں میں آگ دیں۔ تین آگ میں شگفتہ ہوگا۔

**فوائد:۔** مقوی اعضائے رئیسہ۔ بدن کو فربہ کرتا ہے۔ قوت باہ کو طاقت دیتا اور رنگ کو سرخ کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ا چاول سے ا رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

9

## مرگانگ نقرہ

پارہ ا تولہ۔ برادہ نقرہ ا تولہ۔ گندھک آملہ سار ا تولہ۔ نوشادر ا تولہ۔

سب کو مانند سرمہ باریک کریں۔ اور آتشی شیشی میں ڈال کر تیز کوئلوں کی آگ پر رکھیں اور شیشی کے منہ میں سلائی پھیرتے رہیں۔ دھوآں بند ہو جانے پر نکال لیں۔ سنہری رنگ کا نہایت عمدہ کشتہ برآمد ہوگا۔

**فوائد:۔** جملہ امراض دموی۔ صفراوی سوداوی خصوصاً اعضائے رئیسہ و معدہ اشتہائے طعام۔ سرفہ۔ ضیق النفس۔ حمیات لازمہ سل دق تقویت باہ۔ تغلیظ منی۔ سرعت انزال وغیرہ کو مفید ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ا رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

10

## جوہر نقرہ

برادہ نقرہ ۱۰ ماشہ۔ ہڑتال ورقی ۵ ماشہ۔

بدستور معروف دو پیالوں میں جوہر حاصل کریں۔ دوبارہ ہڑتال کے ساتھ کھرل کرکے جوہر حاصل کریں۔

**فوائد:۔** مقوی باہ۔ ممسک۔ جریان کو نافع ہے۔ آنکھ میں سلائی سے لگانے سے اکثر امراض چشم کو نافع ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ا چاول ہمراہ مکھن یا بالائی دیں۔

۱۱

# حبّ نقرئی

برادہ نقرہ ۱ تولہ۔ سیماب مصفیٰ ۱ تولہ دونوں کو کھرل کرکے مانند غبار باریک کرلیں بعدہٗ

سم الفار ۶ ماشہ۔ بچھناک سفید ۶ ماشہ۔ بچھناک تیلیہ ۶ ماشہ۔ افیون ۶ ماشہ۔ جدوار ۳ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی ۳ ماشہ۔ لمباشیرا ۱۰ ماشہ۔ دانہ الائچی ۱۰ ماشہ۔

سب کو بکری کے دودھ سے چار پہر کھرل کرکے حبوب نخودی تیار کرلیں۔

**فوائد:۔** امراض باردہ۔ مرغنہ رطوبیہ۔ ضعف باہ۔ سرعت انزال کو نافع ہے۔ علاوہ ازیں وجع المفاصل۔ رعشہ۔ لقوہ۔ فالج۔ عرق النساء کو نہایت مفید ہیں۔

**ترکیب استعمال:۔** ۱ گولی ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

# کشتہ جات قلعی

۱

قلعی مصفیٰ باریک پترہ ۲ تولہ۔ پوست درخت نیل ا پاؤ۔ اوپلہ صحرائی ۱۰ عدد پوست درخت نیل کو جوکوب کرکے باریک ورق قلعی اس کے درمیان دیکر گل حکمت کرکے دس سیر کی آگ دیں۔

**فوائد:۔** مقوی بدن۔ مصفیٰ خون۔ مغلظ منی ہے۔

ترکیب استعمال :- ا رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

## ۲

قلعی مصفیٰ ۵ تولہ۔ قلعی شورہ ½ ا پاؤ۔ اوپلہ کلاں ۲۰ سیر۔
اول قلعی کو پگھلا کر شورہ میں ڈال دیں۔ اور خوب کھرل کریں۔ بعدہٗ کوزہ گلی میں بند کر کے ۲۰ سیر کی آگ دیں۔

فوائد :- جریان۔ احتلام۔ سوزاک۔ یرقان۔ ذکاوت حس کو نافع ہے
ترکیب استعمال۔ ۲ سے ۴ رتی ہمراہ مسکہ۔

## ۳

قلعی مصفیٰ ا تولہ۔ پارہ مصفیٰ ا تولہ۔ برگ نیم اپاؤ۔ اوپلہ صحرائی ۸ سیر۔
قلعی پارہ چلبند کریں۔ اور برگ نیم کے نغدہ میں دے کر ۸ سیر اوپلہ صحرائی کی آگ دیں۔

فوائد :- مصفیٰ خون۔ مقوی بدن۔ جریان منی۔ سیلان الرحم اور سوزاک کو نافع ہے۔
ترکیب استعمال :- ا رتی ہمراہ مسکہ یا بالائی۔

## ۴

قلعی مصفیٰ ا تولہ۔ پارہ ا تولہ۔ سفوف ترپھلہ ایک پاؤ۔ اوپلہ صحرائی ۱۰ سیر۔
اول قلعی سیماب کو گرہ کر کے سفوف ترپھلہ کے درمیان دے کر اوپلہ صحرائی کی بدستور آگ دیں۔ نہایت اعلیٰ کشتہ ہوگا۔

فوائد :- مقوی باہ۔ بدن کے رنگ کو سرخ کرتا ہے۔ ضعف جگر کو نافع ہے۔ عورتوں کے سیلان الرحم میں یہ دوا اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔
ترکیب استعمال :- ا سے ۲ رتی ہمراہ مسکہ۔

۵

پترہ قلعی مصفےٰ ۱ تولہ ۔ برگ بھنگ ۔۱ تولہ ۔ اوپلہ صحرائی ۸ سیر۔

پترہ قلعی کے نیچے اوپر ورق بھنگ نغدہ شدہ دے کر کپڑ ول کر کے آگ دے لیں۔

**فوائد:۔** جریان ۔ احتلام کہنہ ۔ سرعت کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ارتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ ۔

۶

قلعی ورق کردہ ۵ تولہ ۔ پوست درخت شیشم سفوف کردہ ایک سیر۔ اوپلہ صحرائی ۱۵ سیر۔

حسب دستور آگ دے لیں۔

**فوائد:۔** مصفےٰ خون ۔ مقوی بدن ۔ جریان کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ارتی ہمراہ مسکہ۔

۷

# مرگانگ قلعی

قلعی ۱ تولہ ۔ پارہ ۱ تولہ ۔ نوشادر ۱ تولہ ۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ ۔

اول قلعی اور پارہ کو ملالیں بعدہٗ ہر دو ادویہ ملا کر مانند سرمہ باریک کر لیں ۔ آتشی شیشی میں ڈال کر کوئلوں کی آگ پر رکھیں ۔ جب دھواں نکلنا بند ہو جائے اتار کر سنہری مانند سونا نکال لیں ۔ بعض دھوکہ باز اسی کو کشتہ سونا کہکر فروخت کرتے ہیں ۔ مگر فوائد میں کشتہ سونا کی برابری کرتی ہے۔

**فوائد:۔** جریان ۔ احتلام ۔ سرعت ۔ رقت ۔ سوزاک ۔ یرقان

ذکاوت حس۔ ضعف جگر۔ ضعف مثانہ وغیرہ امراض کے لئے نہایت مفید ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ۱رتی ہمراہ مسکہ۔

# قلعی کو مانند نقرہ سفید کرنا

قلعی مصفٰے ۱۰۰ تولہ۔ سرمہ سیاہ ۱ تولہ۔ بسمتھ ۲ ماشہ۔ تانبہ ۲ تولہ۔

سب سے پہلے تانبہ کو گلا دیں۔ بعد ازاں باقی اشیا کو ملا کر چرخ دیں۔ تیار ہے یہ ہمیشہ چاندی کی طرح سفید سخت اور چمکدار رہتی ہے۔ برتن اور بٹن بنانے کے کام آتی ہے۔ ولایت سے بن کر آتی ہے۔

# آب قلعی کو خشک کرنا

پیتل ایک تولہ۔ قلعی ایک تولہ جست ایک تولہ۔ سرمہ ایک تولہ۔

پہلے پیتل کو گلالیں۔ بعد ازاں قلعی ڈال دیں۔ پھر جست ڈالیں۔ مل جانے پر نیچے اتار کر باریک کریں اور ایک تولہ نوشادر باریک کر کے ملا کر سفوف بنا رکھیں۔

قلعی ایک پاؤ گلا کر اس پر سفوف مذکور کی چٹکی دے کر ختم کر دیں۔ قلعی مانند چاندی سخت اور سفید ہوگی۔ نہایت مفید ہنر ہے۔ اس سے ہر قسم کے برتن کھلونے اور بٹن وغیرہ بن سکتے ہیں۔

# کشتہ تانبہ

ہڑتال ورقی ۲ تولہ۔ لعاب گھیکوار ۵ تولہ۔ پیسہ ایک عدد۔ اوپلہ ۱۰ اسیر۔

اصل ہڑتال کو لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر پیسہ یا پترہ تانبہ کے نیچے اوپر دے کر گل حکمت کر کے ۱۰ اسیر اوپلہ کی آگ دیں۔

**فوائد:-** آنکھ میں ڈالنے سے ہر قسم کی امراض چشم کو نفع دیتا ہے۔ کھانے کیلئے مقوی باہ۔ مولد خون اور مسمن بدن ہے۔

**ترکیب استعمال:-** احاول ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

## ۲

پترہ تانبہ ۱ تولہ۔ بیر بہوٹی ۶ ماشہ۔ بیخ جمال گوٹہ ۲ تولہ۔ اگر نہ ملے تو بچھناک ۲ تولہ۔ راکھ پیپل اسیر۔ اوپلہ صحرائی ۱۵ اسیر۔

پترہ تانبہ اور بیر بوٹی کو سفوف کر کے ایک کوزہ میں اول راکھ نصف بچھا کر اوپر ادویات کا سفوف اوپر پترہ تانبہ اوپر پھر ادویات کا سفوف اور اوپر پھر راکھ رکھ کر گل حکمت کر کے ۱۵ اسیر اوپلہ کی محفوظ الہوا آگ دیں۔

**فوائد:-** مقوی باہ۔ نامرد کو مرد کرتا ہے۔ مسمن بدن۔ خون بے حد پیدا کرتا ہے۔ وجع المفاصل کو نفع دیتا ہے۔ نعوظ لاتا ہے۔ امراض باردہ کو نافع ہے۔

**ترکیب استعمال:-** احاول ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

## ۳

ایک ڈبل پیسہ لے کر ایک بینگن کلاں زرد رنگ میں دے کر گل حکمت کر کے ۱۰ اسیر پختہ کی آگ دیں۔ بعد سرد ہونے کے نکال کر بیخ مدار میں کاوک کھسکے ۱۰ اسیر کی آگ دیں۔ بعدہٗ سحق کر کے شیر مدار ۵ تولہ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر گل حکمت کر کے ۲ اسیر کی آگ دیں۔ اس طرح شیر مدار میں تین آگ پوری کریں اعلیٰ درجہ کا کشتہ تیار ہوگا۔

فوائد:۔ وجع المفاصل۔ گنٹھیا۔ نامردی اور جریان کو دور کرتا ہے خون بے حد پیدا کرتا ہے۔ کھوئی ہوئی طاقت کو واپس لاتا ہے۔ امساک میں بے نظیر ہے۔

ترکیب استعمال:۔ اسے ۲ چاول ہمراہ بدرقہ مناسب۔

۴

ڈبل پیسہ ۱ عدد۔ رال ۳ تولہ۔ بھنگڑی ۸ تولہ۔ اوپلہ ۵ اسیر۔

جملہ ادویات کو باریک کر کے پیسہ کے نیچے اوپر دے کر حسب دستور آگ دیں۔ چار آگ دیں۔

فوائد:۔ وجع المفاصل۔ لقوہ۔ فالج۔ رعشہ اور گنٹھیا کو مفید ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ا چاول ہمراہ مسکہ ۵ تولہ۔

۵

پیسہ ۱ عدد۔ سفوف بندق ہندی ۱۰ تولہ۔ سفوف گھونگچی سفید ۱۰ تولہ سفوف کندر ۱۰ تولہ۔ تمباکو ۱۰ تولہ۔ بھنگرہ سیاہ ۱۰ تولہ۔ اوپلہ ۲۵ سیر۔ ادویات کو باریک کر کے پیسہ کے نیچے اوپر دے کر ۲۵ سیر کی آگ دیں۔

فوائد:۔ نامرد کو مرد کرتا ہے۔ تقویت باہ اور نعوظ و امساک لاتا ہے۔ فربہی جسم و سرخی چہرہ پیدا کرتا ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے۔ امراض باردہ کے لئے اکسیر اعظم ہے۔ صدہا لوگ اس سے نفع حاصل کر چکے ہیں۔

ترکیب استعمال:۔ اسے ۲ چاول ہمراہ مسکہ۔

## ۶

پیسہ تانبہ ۱ عدد۔ سم الفار ۱ تولہ۔ سیماب ۱ تولہ۔ پھوکر مول ۱ تولہ۔ شیر مدار ۵ تولہ جملہ ادویہ کو شیر مدار میں کھرل کر کے اور فلوس پر لیپ کر کے کوزہ گلی میں رکھکر شیر و برگ لانا جس سے سجی نبتی ہے۔ سے پر کریں۔ اور گل حکمت کر کے ۲۰ سیر کی آگ دیں۔ عمدہ کشتہ ہوگا۔

**فوائد:۔** اعلیٰ درجہ کا ممسک۔ مغلظ منی۔ مولد منی۔ محمر لون۔ اور مقوی باہ ہے۔ جریان۔ سرعت کو نفع دیتا ہے۔ سختی اور تندی پیدا کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ۱چاول ہمراہ بدرقہ مناسب۔

## ۷

## تانبہ کو سفید کرنا

سہاگہ بریان ۱ تولہ۔ سفوف کوئلہ ۱ تولہ۔ سفوف کانچ ۱ تولہ۔

سب کو لے کر باریک کریں اور اس میں نصف سفوف لے کر اس پر ۲ تولہ تانبہ رکھدیں۔ اور اس پر ۶ ماشہ سنکھیا رکھ کر باقی ماندہ سفوف اوپر رکھ دیں۔ اور اس پر دوسری کٹھالی رکھ کر گل حکمت کر کے خوب آگ دیں۔ اور نکال کر سلاخ بنالیں۔

تانبہ صاف شدہ ۱ جزو۔ سادہ تانبہ ۳ جزو ملا کر چرخ دیں۔ سب تانبہ سفید اور نرم ہو جائے گا۔

۸

# حملان چاندی

سم الفار ۱ تولہ ۔ مولی ایک عدد وزنی ۱ سیر ۔
مولی میں کاواک دے کر گل حکمت کر کے ایک من مینگنی بز کی آگ
دیں ۔ اس سے سم الفار کشتہ ہوگا ۔
۲ رتی ۱ تولہ مس مصفّٰے پر طرح کریں ۔ اور برابر کی چاندی ملا دیں ۔ مقبول
بازار ہوگا ۔ واللہ اعلم بالصواب ۔

# کشتہ جات فولاد

۱

برادہ فولاد ۵ تولہ ۔ گوشیر بدار ۵ تولہ میں کھرل کر کے خشک کریں ۔ بعد
ازاں نوشادر ۵ تولہ ۔ آب گھیکوار ۱۰ تولہ کے ہمراہ کھرل کر کے کوزہ میں بند کر کے
۱۵ سیر اوپلہ کی حسب دستور آگ دیں ۔
**فوائد** :۔ ضعف جگر ۔ ضعف باہ ۔ جریان کی توت کی عمدہ دوا ہے
**ترکیب استعمال** :۔ اسے ۳ رتی ہمراہ مکھن یا بالائی ۔

۲

برادہ فولاد ۵ تولہ ۔ گودہ گھیکوار آدھ سیر ۔ اوپلہ ۲۵ سیر ۔
کھرل کر کے کپڑ مٹی کر کے ۲۵ سیر کی آگ دیں ۔ دوبارہ سہ بارہ
اسی طرح کریں ۔ عمدہ سرخ رنگ کشتہ ہوگا ۔
**فوائد** :۔ مقوی اعضاء رئیسہ ۔ بہی ۔ ہاضم ۔ ممسک ۔ مولد خون ہے

**ترکیب استعمال :۔** ۱ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

## ۳

برادہ فولاد ۵ تولہ ۔ نوشادر ۱۵ ۔ پیشاب گائے ½ ۱ سیر۔

ہر سہ اشیا کو باریک کرکے بھگو دیں۔ حتیٰ کہ چالیس یوم تک تر رکھیں اور روزانہ چوب سے حرکت دیتے رہیں۔ بعد ازاں گل حکمت کرکے ۲۰ سیر کی آگ دیں۔ نہایت اعلیٰ کشتہ ہوگا۔

**فوائد :۔** مقوی باہ ۔ ضعف دل ۔ جگر ۔ مثانہ اور دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ معدہ کی سردی خارج کرتا ہے۔ خون صالح پیدا کرتا ہے۔ طحال کو مفید ہے۔ رقت کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال :۔** ۱ سے ۲ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

## ۴

برادہ فولاد ۵ تولہ ۔ آب لیموں ۵ ا تولہ۔

کھرل کرکے قرص بنائیں ۔ اور ایک عدد ڈھولی میں سوراخ کرکے وہ قرص رکھ دیں۔ اور ۵ سیر کی آگ دیں۔ نکال کر دوبارہ اسی طرح آب لیموں میں کھرل کرکے آگ دیں ۔ اسی طرح دس آگ میں کشتہ عمدہ ہوگا۔

**فوائد :۔** مقوی اعضائے رئیسہ ۔ مقوی بدن ۔ محمر لون ۔ مسمن بدن بھوک بڑھاتا ہے۔

**ترکیب استعمال :۔** ۲ رتی ہمراہ دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ و مسکہ ½ ۲ تولہ دیں۔

## ۵

برادہ فولاد ۲ تولہ ۔ گندھک ۲ تولہ ۔ سیماب ۲ تولہ ۔ اوپلہ ۱۵ سیر۔

کھرل کر کے اوپلہ صحرائی کی آگ دیں۔ دوبارہ نکال کر سیماب و گندھک ملا کر آگ دیں۔ اسی طرح پندرہ آگ پوری کریں۔ اعلیٰ درجہ کا بے نظیر کشتہ ہوگا۔

فوائد:۔ مقوی باہ۔ مقوی دماغ۔ مصفٔی خون۔ دافع ضعف جگر و طحال اور ممسک و ملہم ہے۔

۶

برادہ فولاد عمدہ ۱ تولہ۔ توتیا سبز ۱ تولہ۔ سیماب ۱ تولہ۔ اوپلہ صحرائی ۵ اسیر سب کو عرق لیموں ۱ تولہ میں کھرل کریں بعدہٗ آب ترپلہ ۵ تولہ میں کھرل کریں۔ بعدہٗ آب مولی ۵ تولہ میں کھرل کریں۔ اور کوزہ گلی میں بند کر کے آگ دیں۔

فوائد:۔ مقوی باہ۔ دافع آتشک و سوزاک۔ مصفٔی خون اور مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔

ترکیب استعمال:۔ نصف رتی سے ۱ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

۷

برادہ فولاد ۵ تولہ۔ آب بیخ جامن اپاؤ۔ تیز سرکہ اپاؤ۔
دھوپ میں رکھ دیں کہ خشک ہو جائے۔ اور کوزہ میں بند کر کے ۶ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ اس طرح دوبارہ کریں۔ چھ آگ پوری کریں۔

فوائد:۔ ضعف جگر کے لئے نہایت مفید ہے۔ بعض یرقان کو اشافی ہے۔

ترکیب استعمال:۔ ۱ رتی ہمراہ مکھن یا گلقند دیں۔

۸

# جوہر فولاد

برادہ آہن۔ نوشادر۔ گندھک آملہ سار۔

تینوں کو پیسکر بدستور دو ہانڈیوں میں رکھ کر جوہر اڑائیں۔ اور جس قدر جوہر اڑ جائے۔ اس کو پھر تہ نشین میں ملا کر اسی مقدار میں نوشادر گندھک ملاکر جوہر اڑائیں۔ اس طرح کم از کم تین دفعہ جوہر حاصل کریں۔

**فوائد:۔** ہاضم۔ مقوی معدہ۔ طلائی وصلابیت طحال کیلئے مخصوص ہے۔ ضعف باہ وجگر کو نافع ہے۔ تقویت باہ وامساک کے لئے نافع ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ۱ سے ۲ رتی ہمراہ مکھن یا بتاشہ۔

# کشتہ جات جست

۱

جست کہنہ ۵ تولہ۔ ایک لوہے کی کڑچھی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ نیچے آگ سلگائیں۔ جب گل جائے۔ تھوڑا تھوڑا پانی تھوہر کا ڈالتے جائیں۔ اور بیچ لوہے کی سلاخ پھیرتے جائیں۔ شگفتہ ہوگا۔

**فوائد:۔** امراض چشم شل رمد سیل۔ سلاق و دیگر امراض چشم کو نافع ہے۔

# ۲
# اکسیر اعظم

جست خالص ۵ تولہ ۔ سیماب ۳۰ تولہ ۔ ہڑتال ورقی ۳۰ تولہ ۔ شنگرف رومی ۳۰ تولہ ۔ سندھور گجراتی ۲ تولہ ۔ شورہ قلمی ۵ تولہ ۔ گندھک آملہ ۳۰ تولہ پہلے سات تولہ گندھک کو پیس کر سیماب ڈال کر کھرل کریں ۔ اسی طرح ہڑتال شنگرف ۔ سندھور اور شورہ اور سب کے بعد برادہ جست درجہ بدرجہ ڈال کر ایک ایک پہر کھرل کرتے جائیں ۔ تاکہ سب کو کھرل کرنے میں ۶ پہر ختم ہوں ۔ پھر کمہاروں سے ایک مٹی کا برتن اس طرح تیار کرائیں ۔ جس میں ایک سیر غلّہ گندم سما سکے ۔ اسے گرد و غبار سے صاف کرکے سات بار یکے بعد دیگرے کپڑ وتی کر کے خشک کرلیں ۔ تین تولہ باقی ماندہ گندھک میں سے نصف اس برتن میں ڈال کر اس پر ادویہ مسحوقہ رکھ دیں ۔ اور اوپر باقی نصف گندھک ڈال کر اس کے منہ پر سرپوش دیں ۔ اور بکرے کی تلی ۔ نمک و چونہ سے اس کے منہ کو بخوبی بند کریں ۔ اور ایک دو مرتبہ پھر کپڑ وتی کریں ۔ پھر مٹی کا ایک بڑا برتن جو خوب موٹا اور بڑا ہو ۔ اس میں چار انگل ریت کی تہ بچھاکر اس پر وہ بوتہ گل حکمت شدہ رکھ کر تین چوتھائی برتن کو ریت سے بھر دیں ۔ اسے ایک چولھے پر رکھ کر نیچے نرم آگ اوپلوں کی جلائیں ۔ پھر دوسرے چار پہر ذرا تیز کر دیں ۔ پھر آٹھ پہر خوب آگ جلائیں ۔ جب مٹکا سرخ ہو جائے ۔ تو دو پہر آگ بند کر دیں ۔ پھر تھوڑی تھوڑی آگ سولہ پہر تک جلاکر دو پہر نہایت تیز آگ جلائیں ۔ کل ۳۴ پہر آگ جلانی چاہیئے ۔ اور دو پہر بیچ میں وقفہ کیا جائیگا ۔ پھر اسے سرد ہونے دیں ۔ جب دو تین روز تک خوب سرد ہو جائے ۔ تو

بوتہ نکال لیں۔ بصورت قرص شگفتہ ہوگا۔

**نوٹ** :۔ اگر جست قدرے خام رہ گئی ہو۔ تو اسے باقی ادویہ سے علیحدہ کر کے اوپلوں کی آگ میں شگفتہ کر لیں۔ اور باقی دوا کے ساتھ ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ اور تین ہفتہ بمدار زمین میں دفن کر دیں پھر نکال کر استعمال میں لائیں۔

**فوائد** :۔ تمام امراض مزمنہ مایوسیہ کیلئے اکسیر ہے۔ خصوصاً مقوی باہ اور جوانی کا لطف دکھلانے میں تریاق عراق سے کم نہیں ہے۔ اگر چالیس یوم متواتر کھائیں تو اکسیر اعظم ہے۔ چھ ماہ تک بالوں کو سیاہ کر کے تمام امراض جسمانی کو حکماً دور کرتا ہے۔ اس کی تاثیر پہلی ہی خوراک سے ظاہر ہو جاتی ہے۔

## خاص منفعت

اگر ایک رتی کی مقدار میں ایک تولہ مس گداختہ پر ڈالیں تو خالص شمس طلوع کرتا ہے۔ صاحب مخزن اکسیر حکیم امام الدین مرحوم پاکپتنی مؤلف مخزن اکسیر کا مجرب اور آزمودہ ہے۔ آزمائیں اور خاکسار کو دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔

**ترکیب استعمال** :۔ اچاول سے نصف رتی ہمراہ مسکہ۔

## ۳
## جست قائم النار کرنا

نندہ کنوار گندل نیم سیر میں ایک پاؤ نجستہ جست رکھ کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے ۵ سیر کی آگ دیں۔ ازاں بعد نمک خوردنی ایک پاؤ کا نندہ پانی کی مدد

سے بنا کر جست مذکور کے نیچے اوپر دے کر ایک من اوپلہ کی آگ دیں۔ اس کے بعد ایک سیر برگ مہندی کے نغدہ میں رکھ کر کپڑ وتی کر کے ایک من اوپلہ کی محفوظ الہوا آگ دیں۔ اس سے جست قائم النار ہو جاتا ہے۔ تیار ہے۔

جست مذکور اماشہ۔ نقرہ گداختہ پر ڈالیں۔ نقرہ رنگین ہوگی۔ ہموزن طلا خالص شامل کر کے استعمال کریں۔

# کشتہ جات سکّہ

## ۱

سکہ ۲ تولہ کو گلا کر اور ۱ تولہ گندھک کی چٹکی دیتے جائیں۔ اور کسی پتھر یا لکڑی یا لوہے کے دستے سے ہلاتے جائیں۔ کشتہ سیاہ ہوگا۔

کشتہ مذکور ۲ تولہ۔ شیر مدار ۵ تولہ

کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر آگ دیں۔ سرخ رنگ کا کشتہ ہوگا۔

فوائد:۔ سوزاک۔ جریان۔ عورتوں کے سیلان الرحم میں نافع ہے

ترکیب استعمال:۔ ارتی ہمراہ مسکہ۔

## ۲

سکہ پترہ ۴ تولہ۔ شورہ قلمی ۸ تولہ۔ بھنگ ۸ تولہ۔

شورہ و بھنگ کا سفوف کر کے سکہ کے پترہ کے نیچے اوپر دے کر گل حکمت کر کے پندرہ سیر اوپلہ میں پھونک دیں۔ کشتہ سنہری برآمد ہوگا۔

فوائد:۔ سوزاک نو و کہنہ ہر دو کے لئے اکسیر سے کم نہیں ہے۔ جسکو ناگ رس کہتے ہیں۔ یہ دوا سوزاک کی حالت میں اکسیر ہے۔ غیر اذاتی تجربہ آزمودہ نسخہ ہے۔

ترکیب استعمال :- ارتی ہمراہ مسکہ۔

## ۳

سرب ۲ تولہ گلائیں، اور آکنکھ کی سبز لکڑی پھیرتے رہیں۔ جب سیاہ رنگ کا کشتہ ہو جائے تو اس کو بکن بوٹی ۱۰ تولہ کے نغدہ میں رکھ کر حسب دستور کپڑ وتی کر کے ۵ اسیر اوپلہ کی آگ دیں۔

فوائد :- بواسیر اور سوزاک کا حکمی علاج ہے۔ جریان کو از حد مفید ہے۔

ترکیب استعمال :- ارتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

## ۴

سکہ ۵ تولہ۔ گلا کر اس میں بیخ مدار پھیرتے رہیں تاکہ زرد رنگ کا کشتہ ہو جائے۔ ہموزن الائچی سبز۔ طباشیر ملا کر رکھیں۔

فوائد :- جریان کہنہ۔ سوزاک۔ سلسل بول۔ ذیابیطس کو نہایت مفید ہے۔

ترکیب استعمال :- ارتی ہمراہ مسکہ یا بالائی۔

# ترکیب ساخت مردار سنگ

ایک کڑاہی کو چولہے پر رکھ کر نیچے آگ دیں اور کڑاہی میں حسب ضرورت سیسہ ڈال کر لوہے کے گز سے ہلادیں۔ کرن بکھی اور ریٹھہ کا سفوف تھوڑا اس میں ڈالتے جائیں۔ تاکہ تمام سیسہ راکھ ہو جائے۔ بعد ازاں مٹی کے کونڈے میں ڈال کر ٹھیکری سے منہ بند کر دیں۔ اور بھٹی میں رکھ کر بارہ پہر تیز آگ دیں۔ اس طرح تمام راکھ جم کر مردار سنگ میں تبدیل ہو جاتی ہے۔ کام میں

لائیں۔

# جوہر کافور

ملباشیر ۶ ماشہ۔ الائچی سبز ۶ ماشہ۔ شورہ قلمی ۶ ماشہ۔ مشک کافور ۱ تولہ سب کو باریک کرکے دو پیالوں میں حسب دستور جوہر حاصل کریں۔

**فوائد:۔** خفقان۔ ضعف دل کو دور کرتا ہے۔ سوزاک کی سوزش وجلن کو نافع ہے۔ سرمہ میں ملا کر آنکھ میں لگانے سے اکثر امراض چشم کو فائدہ دیتا ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ۲ سے ۴ چاول ہمراہ ادویہ مناسبہ۔

## ۲

کافور ۱ تولہ۔ سماق ۱ تولہ۔ عرق کیلہ ۲ تولہ۔

سب کو کھرل کرکے خشک کریں۔ اور ٹکیہ بنا کر حسب دستور جوہر حاصل کریں۔

**فوائد:۔** ارتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ دیں۔

# کشتہ کافور

کافور ۱ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ شیر مدار ۵ تولہ۔

مرچ سیاہ کو شیر مدار میں کھرل کرکے کافور پر لیپ کردیں۔ اور سکھا کر ایک سیر چونہ وچھلکا بیضہ مرغ میں دالو دے کر چار سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ کافور چرخ کھا کر بلور کی مانند قائم النار ہوگا۔

کافور قائم شدہ ۱ تولہ۔ روغن سچی ۲ تولہ۔

کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر ایک سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ کشتہ سفید ہوگا

**فوائد:۔** مہوس خود جانیں یہ ایک خاص راز ہے۔

## روغن کافور

کافور ۱ تولہ۔ ست اجوائن ۱ تولہ۔ ست پودینہ ۱ تولہ۔ کلورک ہائیڈریٹ ۶ ماشہ۔

سب کو ملا کر ایک شیشی میں ڈال رکھیں۔

**فوائد:۔** یہی تیل اس وقت ہندوستان میں مختلف ناموں سے فروخت ہو رہا ہے۔ بیرونی امراض پہ لگانے اور اندرونی طور پہ کھانے سے ہر ایک مرض کو نفع دیتا ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ہر مرض پر مناسب بدرقات سے اس کا استعمال کیا جاتا ہے۔

**۲**

کافور ۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۲ تولہ۔

دونوں کو خوب اچھی طرح کھرل کریں۔ پھر انڈا کے خول میں بھر کر ڈول جنتر کے طریق پہ پکائیں۔

**فوائد:۔** کیمیا گروں کی جان صباغ اور غواص کا کام دیتا ہے۔

واللہ اعلم بالصواب!

## روغن نوشادر

بکری کا تھن سے کر اس میں نوشادر بھر دیں۔ بھینس کا گوبر ایک مشکہ میں گھول کر اس میں تھنی منہ کو باندھ کر ڈالیں۔ اور چار پہر آگ دیں۔ سبز ہونے پہ نکال

لیں۔ نوشادر تیل ہوگا۔

**فوائد:۔** کیمیاگر اس کی تلاش میں سرگردان رہتے ہیں۔ یہ ایک خاص راز ہے۔ کھانے کے لئے گلانی شکم عظم طحال۔ استسقا کو نافع ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** اسے ۲ قطرہ پتاشہ میں۔

# جوہر نوشادر

نوشادر ۵ تولہ۔ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۶ ماشہ۔ شورہ قلمی ۶ ماشہ سب کے بدستور جوہر حاصل کریں۔

**فوائد:۔** سنگ گردہ مثانہ۔ اقتباس بول۔ سوزاک کو نافع ہے۔ ہاضم بھی ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ۲-۱ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

# نوشادر قائم النار کرنا

چونہ اَن بجھا ۱ سیر۔ نوشادر ڈلی ۱۰ تولہ۔

چونہ نیچے اوپر دے کر ہنڈیا میں بند کرکے نیچے آگ چار پہر جلائیں۔ سرد ہونے کے بعد پھر آگ دیں۔ اور سرد کرکے نوشادر نکال لیں۔

یہ نوشادر ہانڈی سے نکلنے کے بعد فوراً ہی تیل ہو جاتا ہے۔

## ۲

نوشادر ۱ پاؤ۔ نمک سُرخ ½ سیر۔ چونہ صدف ۲ سیر

چونہ صدف ہانڈی کے نیچے نصف بچھا کر اس پر نصف نمک اس پر نوشادر اس پر نصف بقایا نمک۔ پھر چونہ ڈال کر ہانڈی کو بند کرکے ۴ پہر پہر کی

کی تھریوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے کے بعد نکال کر فضلہ انسانی (پاخانہ) خشک شدہ نیچے اوپر دے کر پتال جنتر سے تیل نکالیں۔

**فوائد:-** کیمیاگروں کی جان اور کئی اعمال میں کیمیائی میں مستعمل ہے

## حب معین حمل

مرکی ۶ ماشہ۔ نوشادر ۶ ماشہ۔

ہر دو کی گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

**فوائد:-** استقرار حمل کے لئے لاثانی دوا ہے۔

**ترکیب استعمال:-** ا گولی صبح وشام ہمراہ آب تا ایام حیض دیں۔ غسل کے بعد نزدیکی کریں۔ حمل ہو جائیگا۔

## شورہ مانند مکھن بنانا

آدھ پاؤ بیروزہ خام کڑاہی میں ڈال دیں۔ اس پر شورہ ایک پاؤ اس کے اوپر مومیا صابن۔ ا تولہ تراش کر نیچے آگ جلائیں۔ جب سب دوران میں آگ لگ جائے تو شورہ مانند مکھن تیار ہوگا۔

## شورہ قائم النار کرنا

شورہ حسب ضرورت لے کر اس پر ریٹھہ کے چھلکوں کے تیل کا چوبہ دیتے رہیں۔ کہ جذب ہو جائے۔ اس کے بعد روغن بھلاؤ کا چوبہ دیں۔ شورہ مانند مسکہ قائم النار ہوگا۔

# شورہ قائم النار خواص صباغ بنانا

شورہ ۵ تولہ ۔ کاہی سُرخ ۲ تولہ ۔ سم الفار اتولہ ۔ نمک سیمی اتولہ ۔
سب کو کھرل کر کے آگ پر چرخ دے لیں ۔ قائم النار خواص صباغ ہوگا ۔

# کشتہ پھٹکڑی

سفوف بیخ درخت نیم اسیر ۔ پھٹکڑی ۵ اتولہ ۔ اوپلہ ۵ اتولہ ۔
سفوف بیخ نیم پھٹکڑی کے نیچے اوپر دے کر گل حکمت کر کے پندرہ سیر کی آگ دیں ۔ کشتہ برآمد ہوگا ۔

**فوائد** :۔ سوزاک ۔ جریان ۔ احتلام ۔ سرعت کو نافع ہے ۔ آشوب چشم کیلئے مستعمل ہے ۔

**ترکیب استعمال** :۔ ۲ رتی ہمراہ مکھن دیں ۔ آشوب کے لئے عرق گلاب اتولہ میں اماشہ حل کر کے دیں ۔

# پھٹکری قائم النار

پھٹکڑی ۱۰ تولہ ۔ گندھک آملہ سار اماشہ ۔
سب کو کھرل کر لیں ۔ کہ مثل موم ہو کر قائم النار ہو جائے ۔
اس کے بعد سیماب اتولہ ۔ سم الفار اتولہ ۔ سنگ سرخ اتولہ ڈال کر کھرل کریں ۔ یہ سب قائم النار ہو جائیں گے ۔

**فوائد** :۔ چاندی کو رنگ دیتا ہے ۔ قلعی کو سخت اور چاندی کرتا ہے

واللہ اعلم بالصواب۔

# پھٹکری کا تیل بنانا

روپا مکھی ۱۳ تولہ۔ پیس کر ایک پیسہ کے نیچے اوپر دے کر ۱۲ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پیسہ سفید کشتہ ہوگا۔ پھر روغنی ہنڈی کے پیالہ میں ۱۰ تولہ پھٹکڑی ڈال کر نیچے آگ جلائیں۔ جب گداز ہو جائے۔ تو ماشہ کشتہ تانبہ مذکورہ بالا ڈال دیں۔ اوپر سے عرق لیموں ۱۰ تولہ کا چویہ دیں۔ پھر دوسرا پیالہ اوپر دے کر لب بند کر دیں۔ اور تیز کوئلوں کی آگ چار پہر دیں۔ تمام تیل ہوگا۔

**فوائد:۔** سوزاک نو و کہنہ کو نافع ہے۔ قلعی کا پانی خشک کرتا ہے چاندی کو رنگ دیتا ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ۲ قطرہ ہمراہ بتاشہ دیں۔ ۱ تولہ دھات گلا کر ۱ رتی تیل ڈالیں۔

# کشتہ نیلہ تھوتھا

گودہ املتاس ۱/۲ پاؤ۔ توتیا سبز ۱ تولہ۔ اوپلہ ۱ سیر۔
نیلہ تھوتھا کو گودہ املتاس کے نیچے اوپر دے کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے حسب دستور آگ دیں۔ سفید کشتہ ہوگا۔

## ۲

پوست بندق ہندی ۱۰ تولہ۔ نیلہ تھوتھا ۱ تولہ۔ اوپلہ ۵ سیر۔
پوست بندق ہندی نیلہ تھوتھا کے نیچے اوپر دے کر گل حکمت کر کے ۵ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرخ رنگ کا کشتہ ہوگا۔

فوائد :- آتشک و سوزاک کہنہ کیلئے نافع ہے۔

ترکیب استعمال ۔ اچاول ہمراہ مسکہ۔

۳

مشک کافور ۵ تولہ ۔ نیلہ تھوتھا ا تولہ ۔ اوپلہ صحرائی ۴ سیر۔

مشک کافور کو نیلہ تھوتھا کے نیچے اوپر دے کر خوب کپڑمٹی کر کے ۴ سیر کی آگ دیں۔

فوائد :- سوزاک کہنہ۔ آتشک ۔ بواسیر کو نافع ہے۔

ترکیب استعمال :- ۲ چاول ہمراہ مسکہ۔

۴

پوست ریٹھہ ۱۰ تولہ ۔ شیر مدار ۵ تولہ ۔ نیلہ تھوتھا ا تولہ ۔ اوپلہ صحرائی ۴ سیر

پوست ریٹھہ کو شیر مدار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر نیلہ تھوتھا درمیان دیکر گل حکمت کر کے ۴ سیر اوپلہ صحرائی کی آگ دیں۔

فوائد :- سوزاک کہنہ ۔ آتشک اور خارش کو نافع ہے۔

ترکیب استعمال :- نصف چاول سے نصف رتی ہمراہ مسکہ۔

# نیلہ تھوتھا موم کرنا

تیل تارامیرا پاؤ ۔ برگ حنا ۱ تولہ ۔

دونوں کو برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور اس میں نیلہ تھوتھا ۵ تولہ کی ڈلیاں ڈال کر معتدل آگ پر پکائیں ۔ سرخ قائم النار مومیا ہوگا۔

# جوہر توتیا

نیلا تھوتھا ۱ تولہ۔ پارہ ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ شیر زقوم ۵ تولہ
کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کریں۔ اور جوہر حاصل کریں۔
**فوائد :**۔ آتشک۔ سوزاک۔ بواسیر۔ وجع المفاصل کے لئے اکسیری نسخہ ہے۔
**ترکیب استعمال :**۔ ا چاول ہمراہ مکھن یا بالائی۔

# کشتہ مرداسنگ

## ۱

مرداسنگ ۵ تولہ۔ شیر مدار ۱ پاؤ۔ اوپلہ ۱۵ سیر
ایک کوزہ گلی میں شیر مدار ڈال کر اس میں مرداسنگ کی ڈلی رکھ کر گل حکمت کریں۔ اور پندرہ سیر کی آگ دیں۔
**فوائد :**۔ سانپ کے زہر کو دور کرتا ہے۔ بلغمی کھانسی ضیق النفس کو نافع ہے۔ علاوہ ازیں مقوی باہ اور ممسک ہے۔
**ترکیب استعمال :**۔ ا رتی ہمراہ مکھن یا بالائی۔

## ۲

مرداسنگ ۲ تولہ۔ شیر مدار ۵ تولہ۔ بینگن کلاں ۱ عدد۔ اوپلہ ۲ سیر۔
مرداسنگ کو شیر مدار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنائیں۔ اور بینگن میں ڈال کر گل حکمت کر کے آگ دیں۔ سفید کشتہ برآمد ہوگا۔
**فوائد :**۔ فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ ضیق النفس۔ کھانسی۔ جریان منی

سیلان الرحم کو نافع ہے۔ علاوہ ازیں مقوی باہ اور ممسک ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ا رتی منقہ یا پان میں کھلائیں۔

## ۳

مردار سنگ ۳ تولہ۔ نغدہ برگ انار ۳ پاؤ۔ اوپلہ صحرائی ۴ سیر۔
حسب دستور نغدہ مردار سنگ کے نیچے اوپر دے کر گل حکمت کر کے چار سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ کشتہ ہو گا۔

**فوائد:۔** آتشک۔ سوزاک مزمن۔ بواسیر کو نافع ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** ا رتی ہمراہ بتاشہ۔

## ۴

مردار سنگ ۵ تولہ۔ لہسن ا پاؤ۔ اوپلہ ۵ سیر
لہسن کے درمیان مردار سنگ دے کر گل حکمت کر کے ۵ سیر اوپلہ کی محفوظ الہوا آگ دیں۔ کشتہ ہو گا۔

**فوائد:۔** مقوی باہ۔ ممسک۔ دیدان شکم۔ دافع زہر مار۔ کھانسی کو نافع ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** نصف رتی ہمراہ بتاشہ۔

## ۵

مردار سنگ ۲ تولہ۔ شورہ قلمی ۵ تولہ۔ اوپلہ ۴ سیر۔
حسب دستور آگ دیں۔

**فوائد:۔** سوزاک نو و کہنہ۔ ریگ مثانہ گردہ کو دور کرتا ہے۔

**ترکیب استعمال:۔** نصف رتی ہمراہ بتاشہ۔

# کشتہ جات سونا مکھی

## ۱

سونا مکھی ۱ تولہ ۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ ۔ لعاب گھیکوار ۵ تولہ ۔
ہر سہ ادویات کو کھرل کر کے ۸ سیر اوپلہ کی آگ دیں کشتہ ہوگا ۔
**فوائد :۔** استسقا ۔ بواسیر ۔ سنگرہنی کو نافع ہے ۔
**ترکیب استعمال :۔** ۱ چاول سے ۲ چاول ہمراہ مسکہ ۔

## ۲

سونا مکھی ۱ تولہ ۔ برگ حنا ۵ ۲ تولہ ۔ اوپلہ صحرائی ۴ سیر ۔
برگ حنا سونا مکھی کے نیچے اوپر دے کر گل حکمت کر کے چار سیر اوپلہ کی آگ دیں ۔
**فوائد :۔** بواسیر کیلئے تریاق کامل کا حکم رکھنے والی اکسیری دوا ہے ۔
**ترکیب استعمال :۔** کشتہ مذکور ۱ رتی ۔ رسوت ۴ رتی ملا کر گولی بنائیں اور اتنی خوراک روزانہ دیں ۔

## ۳

سونا مکھی ۱ تولہ ۔ برگ سرس ۱ پاؤ ۔ اوپلہ ۴ سیر
حسب دستور آگ دیں ۔
**فوائد :۔** مقوی باہ ۔ ممسک ۔ ہاضمہ کو بڑھاتا ہے ۔
**ترکیب استعمال :۔** ۱ چاول سے ۱ رتی ہمراہ مسکہ دیں ۔



حکیم عبدالرحیم جمیل صاحب کی تصنیف **"کیمیا گر"** کا شمار اِس وقت چند انتہائی نایاب طبی کتب میں ہوتا ہے اور حلقۂ احباب میں کافی عرصہ سے اس کی بڑی شدّت سے کمی محسوس کی جارہی تھی چنانچہ میں نے اس انتہائی مفید اور نایاب کتاب کی **PDF** بنانے کا ارادہ کیا اور تلاش کرکے بڑی محنت سے **PDF** بنائی اور احباب کی نظر کردی۔

امید ہے کہ میری یہ کاوش دوستوں کو پسند آئے گی۔

حکیم محمد ارشد شاہین لاہور : **0323-4422244**